© rasailojaraid.com

صدی ہجری کے معروف شافعی بزرگ امام عبد الوہاب شعرانی" بھی ہیں جنہوں نے اپنی تصنیف "المیزان الکبریٰ" میں جا بجا امام اعظم" کا تذکرہ کر کے ان کی دینی و فقہی مسائل کو سراہا ہے۔ ماہنامہ "الہلال مانچسٹر" کے مدیر اور ہمارے فاضل دوست مولانا حافظ محمد اقبال رنگونی نے امام اعظم" کے بارے میں امام شعرانی" کے ان ارشادات کو خوبصورتی کے ساتھ جمع کر کے ان کا اردو ترجمہ کر دیا ہے جو ان کی قابل داد کاوش ہے۔

ایک سو کے لگ بھگ صفحات پر مشتمل اس کتابچہ کی قیمت ایک پونڈ ہے اور اسے اسلامک اکیڈمی مانچسٹر سے طلب کیا جا سکتا ہے جس کا مکمل ایڈریس یہ ہے۔

19 CHORLTON TERRECE MANCHESTER 13 (U-K)

ISLAMIC ACADEMY

## رویت ہلال علم فلکیات کی روشنی میں

برطانیہ میں رویت ہلال کا مسئلہ خاصے عرصہ سے علماء کے حلقوں میں موضوع بحث ہے اور ہر سال رمضان المبارک اور عیدین کے موقع پر یہ بحث از سر نو تازہ ہو جاتی ہے۔ اس سلسلہ میں علمائے کرام کی ایک جماعت کی رائے یہ ہے کہ رویت ہلال کے لیے سعودی عرب یا کسی دوسرے ملک کی پیروی کرنے کی بجائے علم فلکیات کے مسلمات کا بھی لحاظ رکھا جائے اور برطانیہ کے لیے ثبوت ہلال کا مستقل نظام کار وضع کیا جائے۔ ہمارے فاضل دوست مولانا شمیر الدین قاسمی فاضل دیوبند نے زیر نظر رسالہ میں علمائے کرام کی اس جماعت کے موقف کی وضاحت کرنے کے ساتھ ساتھ رویت ہلال کے فنی پہلوؤں پر بحث کی ہے اور اس سلسلہ میں مختلف اصحاب علم کے ساتھ ہونے والی خط و کتابت کی تفصیل بھی پیش کی ہے۔ نفس مسئلہ پر اظہار رائے سے قطع نظر ہمارے نزدیک علمی اور فنی طور پر یہ کاوش قابل قدر ہے کیونکہ اسی قسم کے علمی مباحث سے گزر کر علماء و فقہاء اس نوعیت کے اجتہادی مسائل میں اعتماد کے ساتھ کوئی رائے قائم کر سکتے ہیں۔ یہ رسالہ مندرجہ ذیل پتہ سے طلب کیا جا سکتا ہے:

مدرسہ تعلیم الاسلام

© rasailojaraid.com